**DAR-UL-MADINAH**
INTERNATIONAL ISLAMIC SCHOOL SYSTEM



# سہ ماہی ای نیوزلیٹر

جنوری تا مارچ ۲۰۲۶ء







ہدایت

اس نیوز لیٹر کا پرنٹ ہرگز نہ نکالیے، کیونکہ اس میں جاندار کی تصاویر ہیں اور جاندار کی تصویر کا پرنٹ نکالنا شرعاً جائز نہیں۔

# نورِ ہدایت

## سُوْرَۃُ اٰلِ عِمْرٰن

وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًاؕ
وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ

**ترجمہ کنزالعرفان**

اور اللہ کے لئے لوگوں پر اس گھر کا حج کرنا فرض ہے جو اس تک پہنچنے کی طاقت رکھتا ہے اور جو انکار کرے تو اللہ سارے جہان سے بے پرواہ ہے۔

پارہ 4، آیت: 97



اللہ پاک کے آخری نبی صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا:

## جس نے حج کیا اور رَفَث (یعنی فُحش کلام) نہ کیا اور فِسق نہ کیا تو گناہ سے ایسا پاک ہو کر لوٹا جیسے اُس دن کہ ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا۔

﴿صحیح البخاری، کتاب الحج، باب الحج المبرور، الحدیث 1521، ج ۱، ص 512﴾





پیغام

# سی ای او دارالمدینہ

## ڈاکٹر دانش اقبال عطاری

الحمدللہ رب العالمین! دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم کی مسلسل ترقی اور کامیابیوں پر ہم اللہ تعالیٰ کا جتنا شکر ادا کریں کم ہے۔ والدین کا ہم پر اعتماد ہمارے لیے اعزاز ہے اور ایک بڑی ذمہ داری بھی، اور یہی اعتماد ہماری کامیابی کی سب سے بڑی نشانی ہے۔

الحمدللہ، دارالمدینہ کا تعلیمی سال **2025-26** کامیابی سے مکمل ہوا۔ اس تعلیمی سال کے دوران ہم نے دارالمدینہ میں متعدد مثبت تبدیلیاں متعارف کروائیں، جو ہماری کامیابی کا سبب بنیں۔ جن کے نتیجے میں نہ صرف طلبہ کا تعلیمی معیار بہتر ہوا بلکہ ادارے کا نظام بھی مزید مضبوط ہوا۔ ان شاءاللہ نئے تعلیمی سال میں ہم اپنے سسٹم کو مزید بہتر کرنے کی کوشش کریں گے۔

تعلیمی سال **2025** دارالمدینہ کے لیے ایک اہم سنگِ میل ثابت ہوا، جس میں کلاس **$9^{th}$** اور **$10^{th}$** کے طلبہ نے سندھ اور پنجاب بھر میں مجموعی طور پر **93.4%** کامیابی حاصل کی، جبکہ **57%** طلبہ نے **A+** اور **A** گریڈز حاصل کیے۔ خصوصاً جماعت نہم **(SSC-I)** کے **59** طلبہ کا **90%** سے زائد نمبر حاصل کرنا ادارے کے لیے خوش آئند ہے، بالخصوص فیصل آباد کیمپس سے بنتِ افتخار خان نے **99.24 %** نمبر لے کر نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

اس کے علاوہ **Pakistan Maths Challenge 2025** میں بھی ہمارے **884** طلبہ نے نمایاں کارکردگی دکھائی، جن میں سے **128** طلبہ نے **Gold 176** طلبہ نے **Silver** اور **111** طلبہ نے **Bronze Medals** حاصل کیے اور کلاس **$3^{rd}$**، **$6^{th}$** اور **$7^{th}$** میں پاکستان سطح پر تین پہلی پوزیشنز حاصل کیں یہ کامیابیاں اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ دارالمدینہ نہ صرف معیاری تعلیم فراہم کر رہا ہے بلکہ **Co-Curricular Activities** میں بھی نمایاں کارکردگی دکھا رہا ہے۔

الحمدللہ، ہمیں یہ بھی بتاتے ہوئے خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ پنجاب میں کامیابی کے بعد اب سندھ میں بھی دارالمدینہ کا حفظ پروگرام باقاعدہ طور پر شروع کیا جا چکا ہے۔ اس پروگرام کے تحت طلبہ کو اکیڈمک ایجوکیشن **Quality Standards** کے ساتھ ساتھ حفظِ قرآن کی سعادت بھی حاصل ہو رہی ہے، تاکہ وہ دینی اور دنیاوی میدان میں یکساں طور پر کامیاب ہو سکیں۔

اسی طرح ہمارا کیمبرج سسٹم بھی کامیابی کے ساتھ جاری ہے۔ فیصل آباد میں اب تیسرے کیمپس کا افتتاح ہو چکا ہے۔ ہم نے کیمبرج سسٹم میں جدید تقاضوں کے مطابق **STEAM**، **Robotics** اور **AI** پروگرامز کو عملی طور پر شامل کیا ہے، تاکہ طلبہ کو جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کیا جا سکے۔

دارالمدینہ کالج بھی الحمدللہ کامیابی کے ساتھ ترقی کی منازل طے کر رہا ہے۔ اسی سلسلے میں ہمیں یہ اعلان کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ اب گجرات میں بھی دارالمدینہ کالج کا آغاز کیا جارہا ہے، جس سے مزید طلبہ کو معیاری تعلیم کے مواقع میسر آئیں گے۔

آخر میں، ہم اللہ تعالیٰ کے حضور دعاگو ہیں کہ وہ ہمیں اپنی آئندہ نسلوں کی بہترین دینی و دنیاوی تربیت کرنے کی مزید توفیق عطا فرمائے۔ ہم والدین، اساتذہ اور تمام معاونین کے شکر گزار ہیں جن کے تعاون سے یہ سفر کامیابی سے جاری ہے۔

آئیں! مل کر ایک ایسی نسل تیار کریں جو علم، عمل اور کردار میں بہترین ہو اور معاشرے کی حقیقی رہنمائی کر سکے۔



# راہِ تربیت

## اپنے بچوں کو شکر گزار بنائیے

شُکر گُزاری ایک نہایت اَہم اور بنیادی وَصف ہے۔ یہ وہ خوبی ہے جو انسان کے دل میں اطمینان، سکون اور خوشی پیدا کرتی ہے۔ شکر گُزار انسان ہمیشہ مُثبت سوچ رکھتا ہے اور حسد، حرص اور مایوسی سے محفوظ رہتا ہے۔ اسی لیے والدین کی یہ اہم ذمّہ داری ہے کہ وہ اپنے بچّوں کو بچپن ہی سے شکر گُزاری کی عادت سکھائیں تاکہ وہ معاشرے کا بہترین فرد بن سکیں۔ بچّوں کو شکر گزاری کا عادی بنانے کے لیے شکر گزاری کی اہمیّت اور فوائد بتائیے۔

### شکر گزاری کی اہمیّت و فوائد

قراٰنِ کریم میں شکر گُزاری کی اہمیت کو بیان کیا گیا ہے۔ اللہ پاک فرماتا ہے:

لَىٕنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِیْدَنَّكُمْ وَ لَىٕنْ كَفَرْتُمْ اِنَّ عَذَابِیْ لَشَدِیْدٌ(۷)

ترجَمۂ کنزُالایمان: اگر احسان مانو گے تو میں تمہیں اور دوں گا اور اگر ناشکری کرو تو میرا عذاب سخت ہے۔ (پ13، ابراہیم:7)

اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ شکر گزاری نعمتوں میں اضافے کا سبب بنتی ہے۔

یہ آیت بچّوں کے ذہن میں یہ بات بٹھانے کے لیے انتہائی اہم ہے کہ شکر گُزاری نعمتوں میں اضافے کا سبب ہے اور ناشکری رب کو ناپسند ہے۔

### بچّوں کو شکر گزار بنانے کے طریقے

- اپنی اولاد کو شکر گزاری کا عادی بنانے کے لیے ان کا ذہن بنائیے کہ جب بھی کوئی نعمت ملے تو اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔ حضرت سیِّدُنا ابو بکرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب حضور نبیِ کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم کو کوئی خوشی حاصل ہوتی تو آپ صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم سجدۂ شکر ادا کرتے۔ (ابن ماجہ، 2/163، حدیث:1394)
- بچّوں کو سکھائیں کہ جب کچھ کھائیں یا پئیں تو اللہ پاک کا شکر ادا کریں۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کو یہ بات پسند ہے کہ بندہ ہر نوالے اور ہر گھونٹ پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے۔ (مسلم، ص1122، حدیث:6932)
- ایسے چھوٹے بچّے جن کو والدین اپنے ہاتھ سے کھانا کھلاتے ہیں ان کو شکر کی عادت ڈالنے کے لیے ایک لقمہ کھلانے کے بعد "اَلحمدُلِلّٰہ" کہنے کی ترغیب دیں، جب وہ یہ کہہ لے تو دوسرا نوالہ کھلائیں۔ ان شاءَ اللہ کچھ ہی دنوں میں بچّہ ہر لقمے پر شکر کرنے کا عادی بن جائے گا۔

- جب بچے کھانا کھا چکیں تو انہیں "الحمدللہ" اور "دُعا" پڑھنے کی ترغیب دیں۔ حضرت سیِّدُنا ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سرکارِ مدینہ صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم جب کھانا تناول فرمالیتے تو یہ دُعا پڑھتے تھے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مُسْلِمِیْنَ

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ جس نے ہمیں کھلایا، پلایا اور ہمیں مسلمان بنایا۔ (ترمذی، 5/284، حدیث:3468)

- بچے اپنے آس پاس رہنے والے مختلف لوگوں کی خوشنما زندگیوں کو دیکھ کر ان سے اپنا موازنہ کرنے لگتے ہیں جس سے ان کو اپنی زندگی میں موجود نعمتیں کم تر لگنے لگتی ہیں یہ چیز آگے چل کر حسد، مایوسی اور ڈپریشن کے ساتھ ساتھ ناشکری کا باعث بنتی ہے۔ والدین کو چاہیے کہ بچوں کو سمجھائیں نعمتوں کا موازنہ کرتے وقت اپنے سے کم نعمتوں والے کو دیکھیں۔ حدیثِ پاک میں ہے: حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی پاک صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کوئی اللہ پاک کی نعمتوں کی قدر جاننا چاہے تو اپنے سے کم نعمت والوں کو دیکھے، زیادہ والوں کو نہ دیکھے۔ (الزھد لابن مبارک، ص502، حدیث:1433)
- بچوں کا ذہن بنائیں کہ ہر رات سونے سے پہلے اللہ کی نعمتوں کو یاد کر کے اللہ کا شکر ادا کریں۔
- بچوں کو نعمتوں کی پہچان کرائیں۔ بچوں کو روزانہ یہ احساس دلائیں کہ ان کے پاس جو صحت، گھر، والدین، تعلیم اور اَمن کی نعمتیں ہیں، وہ کتنی قیمتی ہیں۔ انہیں یہ بتائیں کہ دنیا میں بہت سے لوگ ان نعمتوں سے محروم ہیں۔
- شکر گزاری کا عادی بنانے کے لیے یہ بھی اہم ہے کہ بچوں کو ناشکری کے نقصانات بتائیں۔

## ناشکری کے نقصانات

- ناشکری انسان کے اندر حسد پیدا کرتی ہے اور حسد نیکیوں کو ختم کر دیتا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم نے فرمایا: حسد نیکیوں کو اس طرح کھا جاتا ہے جس طرح آگ لکڑی کو کھا جاتی ہے۔ (ابن ماجہ، 4/361، حدیث:4903)
- اسی طرح ناشکری اللہ کی نعمتوں کو زائل کر دیتی ہے اور انسان کو ہمیشہ مایوسی اور بے اطمینانی میں مبتلا رکھتی ہے جبکہ شکر سے نعمت محفوظ ہو جاتی ہے۔ حضرت سیِّدُنا عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اللہ پاک کی نعمتوں کو شکر کے ذریعے محفوظ کر لو۔ (حلیۃ الاولیاء، 5/374، رقم:323)
- حضرت سیِّدُنا امام حَسَن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ جب اللہ پاک کسی قوم کو نعمت عطا فرماتا ہے تو ان سے شکر کا مطالبہ فرماتا ہے۔ اگر وہ اس کا شکر کریں تو اللہ انہیں زیادہ دینے پر قادر ہے اور اگر ناشکری کریں تو انہیں عذاب دینے پر بھی قادر ہے۔ وہ اپنی نعمت کو ان پر عذاب سے بدل دیتا ہے۔ (شعب الایمان، 4/127، حدیث:4536)

اے اللہ! ہمیں اور ہمارے بچوں کو شکر کا عادی بنا دے۔

اٰمِیْن بِجَاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم


DAR-UL-MADINAH
INTERNATIONAL ISLAMIC SCHOOL SYSTEM
Only for Digital Media
Education with Islamic Values
The Key to Success in Every Profession
SALIENT FEATURES
• Quranic Education
• Focus on Tarbiyah
• Robotics
• STEAM-Based Education
• AI & Digital Skills
• Co-curricular Activities
• Holistic Development
ADMISSIONS OPEN
ENROL NOW
Sindh 0315-8661388
Punjab 0313-2626024
APPLY ONLINE
www.darulmadinah.net
Follow us on

# ڈائریکٹر Planning & Development کا ہیڈ آفس (کراچی) کا دورہ

ڈائریکٹر Planning & Development ایجوکیشن کونسل آف دعوتِ اسلامی ڈاکٹر محمد عثمان ممتاز نے 17 سے 19 فروری 2026 تک دارالمدینہ ہیڈ آفس کراچی کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہیں ہیڈ آفس کے مختلف شعبہ جات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ انہوں نے تمام ڈیپارٹمنٹس کا دورہ بھی کیا جہاں متعلقہ HODs نے اپنے اپنے شعبہ جات کی کارکردگی اور اہم اقدامات پر بریفنگ پیش کی۔













# اکیڈمک سیشن 2026-27 کا آغاز

نئے عزم اور تازہ ولولے کے ساتھ اکیڈمک سیشن **2026-27** کا باقاعدہ آغاز ہو چکا ہے۔ ہمارے طلبہ روشن مسکراہٹوں کے ساتھ دوبارہ کیمپس میں واپس آ چکے ہیں اور ایک نئے تعلیمی سفر کے لیے پُرعزم نظر آ رہے ہیں۔

کیمپس ایک بار پھر خوشی، توانائی اور جوش و خروش سے گونج اُٹھے ہیں۔ ہر طرف سیکھنے، آگے بڑھنے اور کامیابیاں حاصل کرنے کا جذبہ نمایاں ہے۔ یہ نیا سیشن طلبہ کے لیے ترقی، علم اور کردار سازی کے بے شمار مواقع لے کر آیا ہے۔

تمام طلبہ کو خوش آمدید — آیئے مل کر ایک کامیاب اور یادگار تعلیمی سال کا آغاز کریں!












# رکنِ شوریٰ حاجی فضیل عطاری سے ملاقات

دارالمدینہ کے CEO ڈاکٹر دانش اقبال عطاری نے Provincial Head Sindh ابو حسنین کے ہمراہ دعوتِ اسلامی کے رکنِ شوریٰ برائے کراچی حاجی فضیل عطاری سے ملاقات کی اور انہیں کراچی میں دارالمدینہ کی پیش رفت اور اہم اقدامات کے حوالے سے آگاہی دی۔ ملاقات کے دوران رکنِ شوریٰ نے پیش رفت کا جائزہ لیا اور اپنی قیمتی رہنمائی سے نوازا۔














# رکنِ شوریٰ حاجی محمد علی عطاری سے ملاقات

دارالمدینہ کے CEO ڈاکٹر دانش اقبال عطاری نے Provincial Head Sindh ابو حسنین کے ہمراہ دعوتِ اسلامی کے رکنِ شوریٰ برائے اندرونِ سندھ حاجی محمد علی عطاری سے ملاقات کی اور انہیں اندرونِ سندھ میں دارالمدینہ کی پیش رفت اور اہم اقدامات کے حوالے سے آگاہی دی۔ ملاقات کے دوران رکنِ شوریٰ نے پیش رفت کا جائزہ لیا اور اپنی قیمتی رہنمائی سے نوازا۔













# فیصل آباد میں کیمبرج کیمپس کا افتتاح

دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم نے اپنی تعلیمی خدمات کا دائرہ مزید وسیع کرتے ہوئے **9** فروری **2026** کو فیصل آباد کے علاقہ جواد کلب چوک میں ایک نئے کیمپس کا افتتاح کر دیا۔

یہ جدید طرز پر تعمیر کردہ کشادہ کیمپس تعلیمی اور ہم نصابی سرگرمیوں کے لیے تمام ضروری اور جدید سہولیات سے آراستہ ہے، جہاں طلبہ کو ایک معیاری اور متوازن تعلیمی ماحول فراہم کیا جائے گا۔ تقریبِ افتتاح کی رونق اس وقت مزید بڑھ گئی جب معزز شخصیت رکن شوریٰ حاجی عبدالحبیب عطاری سمیت شہر کی دیگر شخصیات نے شرکت کی۔













# پیرنٹ-مینجمنٹ میٹنگ (PMM)
# کراچی کیمپسز

کراچی میں قائم بوائز کیمپسز کے لیے پیرنٹ-مینجمنٹ میٹنگ (PMM) کا انعقاد کیا گیا، جس میں **CEO** ڈاکٹر دانش اقبال عطاری، ڈائریکٹر آف ایجوکیشن اور ہیڈ آفس کے دیگر ذمہ داران نے شرکت کی۔

اس موقع پر والدین اور سرپرستوں سے ملاقات کی گئی، جس میں طلبہ کی تعلیمی کارکردگی پر تفصیلی گفتگو کی گئی اور ان کی آراء، تجاویز اور تحفظات کو بغور سنا گیا۔ اس کا مقصد کیمپسز کے انتظامی امور اور تعلیمی معیار میں مسلسل بہتری لانا اور طلبہ کے بہتر مستقبل کو یقینی بنانا ہے۔























# Annual Physical Activity Day 2026

دارالمدینہ میں **Annual Physical Activity Day 2026** کی شاندار یادیں ایک بار پھر تازہ کریں، جہاں دارالمدینہ ہیڈ آفس کے اسٹاف اور کراچی کے بوائز کیمپسز کے طلبہ اور اساتذہ نے بھرپور جوش وخروش کے ساتھ مختلف سرگرمیوں میں حصہ لیا۔

جس میں **tug of war**، **races** اور دیگر کھیلوں نے ماحول کو پرجوش بنادیا، جبکہ شرکاء نے اپنی صلاحیتوں اور ٹیم ورک کا بہترین مظاہرہ کیا۔









تقریب کے اختتام پر نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ کو **trophies** اور **medals** سے نوازا گیا، جبکہ ہر شریک کو سرٹیفکیٹ دے کر ان کی محنت، جذبے اور شرکت کو سراہا گیا۔ یہ دن محنت، اتحاد اور بہترین کارکردگی کے طور پر یادگار بن گیا۔






CHAMPIONS











# درودِ پاک کارکردگی

دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم کی
جانب سے ماہِ شعبان المعظم میں
نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں
**1 ارب 65 کروڑ 60 لاکھ 55 ہزار**
سے زائد مرتبہ دُرودِ پاک کا نذانہ پیش کیا گیا ہے۔



اللہ پاک دُرودِ پاک پڑھنے والوں کو
دونوں جہاں کی بھلائیاں عطا فرمائے۔ آمین

# رمضان تربیہ ہوم ورک

دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم میں طلبہ کی دینی و اخلاقی تربیت کے لیے رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں طلبہ کے لیے رمضان تربیہ ہوم ورک تیار کیا گیا۔ اس ہوم ورک میں پری نرسری سے سیکنڈری تک کے طلبہ کے لیے مختلف تعلیمی و تربیتی سرگرمیاں شامل ہیں۔ طلبہ کو اچھی نیتیں کرنے، نماز، درود شریف، تلاوتِ قرآن اور دینی مطالعہ کی ترغیب دی گئی ہے۔ مزید اس میں احادیث مبارکہ یاد کرنے، والدین کا ادب کرنے اور نیکیاں بڑھانے جیسے موضوعات بھی شامل ہیں۔ اس میں رنگارنگ سرگرمیاں جیسے رنگ بھرنا، کارڈز بنانا اور 30 دن کے نیک اعمال بھی دیے گئے ہیں۔






FISS

Essential Education with Tarbiyah

# FAIZAN ISLAMIC SCHOOL SYSTEM

DAWAT-E-ISLAMI

Follow us on facebook
FaizanIslamicSchoolSystem

# جہلم میں سنگھوئی کیمپس کا افتتاح

فیضان اسلامک اسکول سسٹم کے سنگھوئی کیمپس کا باقاعدہ افتتاح رکن شوریٰ حاجی عبد الوہاب عطاری نے کیا۔ تقریب میں معزز شخصیات اور مقامی افراد نے شرکت کی اور اس اقدام کو تعلیمی میدان میں اہم پیش رفت قرار دیا۔











# جہلم میں معراج کیمپس کا افتتاح

فیضان اسلامک اسکول سسٹم کے معراج کیمپس کا باقاعدہ افتتاح رکنِ شوریٰ حاجی عبدالوہاب عطاری نے کیا۔ تقریب میں معزز شخصیات اور علاقہ مکینوں نے شرکت کی اور اس اقدام کو تعلیمی میدان میں خوش آئند اضافہ قرار دیا۔ اس موقع پر معیاری دینی و عصری تعلیم کے فروغ کے عزم کا اعادہ بھی کیا گیا۔








# رزلٹ ڈے

25 فروری کو فیضان اسلامک اسکول سسٹم میں فائنل ٹرم امتحانات کا رزلٹ ڈے منایا گیا۔ طلبہ کو ان کے نتائج سے آگاہ کیا گیا جبکہ نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی بھی کی گئی۔ اس موقع پر والدین نے طلبہ کی کامیابی پر خوشی کا اظہار کیا۔



















ANNUAL
I did IT

I did IT

I did IT

I did IT

ANNUAL
I did IT

ANNUAL
I did IT

I did IT

ANNUAL



داخلوں کا
آغاز ہو چکا ہے!
برائے سیشن: 27-2026
اسلامی
اخلاق و تربیت
سے آراستہ
بنیادی تعلیمی مرکز!
دیر نا کیجیے!!
داخلے محدود ہیں۔۔۔
FAIZAN ISLAMIC SCHOOL SYSTEM
DAWAT-E-ISLAMI
0313 - 2625016

# ترک اسلامی مبلغ قاری ابراہیم شبجی

ترک اسلامی مبلغ قاری ابراہیم شبجی نے دارالمدینہ ہیڈ آفس کراچی کا دورہ کیا۔ ہیڈ آفس پہنچنے پر انتظامیہ کی جانب سے ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا اور انہیں دارالمدینہ اسکول سسٹم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر تعلیمی و تربیتی نظام، نصاب اور ادارے کے مقاصد پر بھی گفتگو کی گئی۔











